**26.07.2024**
**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین
**Music**

..............................................................................

☆ پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں پیر کے روز عام بجٹ پر بحث دوبارہ شروع ہوگی۔
☆ بھارت نے انسدادِ دہشت گردی اور منشیات کی ناجائز تجارت کے علاوہ دیگر معاملات پر BIMSTEC میں تعاون کرنے پر زور دیا ہے۔
☆ قومی ٹیسٹنگ ایجنسی نے NEET-UG 2024 کیلئے نظرثانی شدہ نتائج جاری کئے ہیں۔
☆ اترپردیش اور مدھیہ پردیش کی سرکاروں نے اگنی ویروں کیلئے نوکریوں میں کوٹے کا اعلان کیا ہے۔
☆ آسام کے Moidams کو ثقافتی زمرے میں یونیسکو کا عالمی آثارِ قدیمہ کے مقام کا خطاب ملا ہے۔
☆ سری لنکا کے دامبولا میں خواتین کے ایشیا کپ میں بھارت پہلے سیمی فائنل میں، بنگلہ دیش کو دس وکٹ سے شکست دے کر فائنل میں پہنچ گیا ہے۔اسی دوران، پاکستان اور سری لنکا کے درمیان دوسرے سیمی فائنل کا مقابلہ جاری ہے۔
☆ اور پیرس اولمپکس کا باقاعدہ آغاز آج رات دریائے Seine کے کنارے ہو رہا ہے۔

..............................................................................

(Music)
اب خبریں تفصیل سے

## Budget Discussion

پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں مرکزی بجٹ 25-2024 پر پیر کے روز پھر سے بحث ہوگی۔ آج راجیہ سبھا میں بحث میں لیتے ہوئے YSRCP کے رکن ایس نرنجن ریڈی نے بجٹ کی ستائش کرتے ہوئے کہا کہ وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے بجٹ میں قلیل مدتی عوام پسند خیالات کے بجائے درمیانی اور طویل مدتی نظریات کو اپنایا ہے۔ CPI کے رکن پی سنتوش کمار نے الزام لگایا کہ بجٹ، عوام مخالف ہے۔ لوک سبھا میں بحث کے دوران BJP کے جُگل کشور نے کہا کہ یہ بجٹ اقتصادی اور سماجی نقطۂ نظر سے اہم ہے اور یہ لوگوں کیلئے نہایت فائدہ مند ثابت ہوگا۔ کانگریس کے جے پرکاش نے الزام لگایا کہ مرکزی حکومت، ہریانہ کے زیر التوا پروجیکٹوں کو اہمیت نہیں دے رہی ہے۔

لوک سبھا میں بعد میں پرائیویٹ ممبران کے معاملات پیش کیے گئے، جس کے بعد ایوان کی کارروائی دن بھر کیلئے ملتوی کردی گئی۔

## PM Governing Council

وزیر اعظم نریندر مودی کل نئی دلّی میں راشٹرپتی بھون کے کلچرل سینٹر میں نیتی آیوگ کی نویں گورننگ کونسل کی میٹنگ کی صدارت کریں گے۔ اس سال کی میٹنگ کا موضوع ''Viksit Bharat @ 2047'' ہے اور اس میں بھارت کو ایک ترقی یافتہ ملک بنانے پر بنیادی توجہ مرکوز کی جائے گی۔ نیتی آیوگ کے مطابق گورننگ کونسل کی میٹنگ کا مقصد حکومتی شراکت داری اور مرکز اور ریاستی سرکاروں کے درمیان تعاون کو فروغ دینا ہے جس سے شہری اور دیہی عوام کے طرز زندگی کو بہتر بنایا جاسکے۔اس میٹنگ میں وکست بھارت کے ہدف کے حصول میں ریاستوں کے رول کا تفصیلی بحث و مباحثہ بھی شامل ہے۔ واضح رہے کہ وزیر اعظم نیتی آیوگ کے چیئرپرسن بھی ہیں۔

## PM Kargil

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج دراس میں کارگل وجے دِوَس کی 25ویں سالگرہ کے موقع پر کارگل جنگ کے ہیروز کو خراج عقیدت پیش کیا۔ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نریندر مودی نے کہا کہ کارگل وجے دِوَس ہمیں یہ باور کرواتا ہے کہ قوم کیلئے دی گئی قربانیاں لافانی ہیں۔ جموں وکشمیر میں حالیہ دہشت گردانہ حملوں سے متعلق پاکستان کی تنقید کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ بھارتی فوج پوری قوت کے ساتھ دہشت گردی کا خاتمہ کرے گی اور دشمن کو منھ توڑ جواب دیا جائے گا۔ اِس دورے کے دوران، وزیر اعظم نے لداخ میں Shinkun La ٹنل پروجیکٹ کی تعمیر کا بھی آغاز کیا جو لیہہ کو ہمہ موسمی کنیکٹی ویٹی فراہم کرے گا۔x

## NSA BIMSTECH

قومی سلامتی کے مشیر اجیت دوبھال نے آج دہشت گردی کی روک تھام، منشیات اور ہتھیاروں کی اسمگلنگ نیز منظّم جرائم سے نمٹنے کیلئے باہمی اشتراک و تعاون بڑھانے پر تبادلہٗ خیال کیا۔ میانما کے Naypyitaw میں بمسٹیک کے اجلاس میں بھارت کی طرف سے قومی بیان دیتے ہوئے انھوں نے بمسٹیک ملکوں کے درمیان رابطے، دوسرے بندرگاہی کانکلیو کے انعقاد اور ہمالیائی دریائی نظام میں آبی تحفظ جیسے موضوعات پر بھی گفتگو کی۔ قومی سلامتی کے مشیر نے کثیر شعبہ جاتی تکنیکی اور اقتصادی تعاون کیلئے خلیج بنگال پہل، بمسٹیک کے سکیورٹی سربراہان کی چوتھی سالانہ میٹنگ میں بھارتی وفد کی قیادت کی۔ انھوں نے میانما کے قومی سلامتی کے مشیر ایڈمرل Moe Aung کے ساتھ بھی میٹنگ کی۔ بمسٹیک کے سکیورٹی سربراہوں نے وزیر اعظم سینئر جنرل Min Aung Hlaing سے ملاقات کی۔

## NEET Results

قومی ٹیسٹنگ ایجنسی NTA نے آج قومی اہلیت نیز داخلہ ٹیسٹ NEET-UG کے نظرثانی شدہ اسکور کارڈ

جاری کئے۔ NEET کیلئے جن امیدواروں نے امتحان دیا ہے وہ اپنے نتائج اور اسکور کارڈ سرکاری ویب سائٹ exams.nta.ac.in اور neet.ntaonline.in پر دیکھ سکتے ہیں۔ ایجنسی نے اعلان کیا کہ 17 امیدواروں نے TOP رینک حاصل کیا ہے۔ NTA نے 5 مئی کو 571 شہروں میں چار ہزار 750 سے زیادہ مراکز پر 24 لاکھ سے زیادہ امیدواروں کیلئے امتحان کا انعقاد کیا تھا۔ NTA نے یہ بھی بتایا کہ اُن ایک ہزار 563 امیدواروں کیلئے دوبارہ امتحان کا انعقاد 23 جون کو کیا گیا تھا جنھیں امتحان کے دوران وقت کے نقصان کا سامنا کرنا پڑا تھا۔x

**UP Agniveers**

اترپردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے آج کہا کہ اگنی ویروں کو اترپردیش پولیس اور اترپردیش Provincial Armed Constabulary میں بھرتی کیلئے مناسب موقع فراہم کیا جائے گا۔ اگنی ویر اسکیم کی ستائش کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ ملک اگنی ویروں کی شکل میں تربیت یافتہ اورنظم ونسق کے حامل سپاہیوں سے استفادہ کرے گا۔

S/B CM Yogi Agniveer

**MP Agniveers**

مدھیہ پردیش کی سرکار نے ریاستی پولیس محکمے میں اگنی ویروں کیلئے ریزرویشن کا اعلان کیا ہے۔ کارگل وجے دِوَس کے موقع پر وزیر اعلیٰ موہن یادو نے ایک ویڈیو پیغام میں کہا کہ مدھیہ پردیش کی سرکار اگنی ویروں کو ریزرویشن فراہم کرے گی۔

S/B MP CM

**Rev. India US Agreement**

بھارت اور امریکہ نے، بھارت سے چوری کئے گئے نوادرات کو امریکہ سے واپس لانے کیلئے ثقافتی املاک کے ایک سمجھوتے پر دستخط کئے ہیں۔ سمجھوتے کے تحت دونوں ممالک قدیم نوادرات اور قدیم ثقافتی مواد کی غیرقانونی تجارت، درآمد، برآمد اور ناجائز تجارت کو روکنے اور اُس پر پابندی لگانے کیلئے مل کر کام کریں گے۔ یہ امریکہ کے ساتھ ثقافتی املاک کا پہلا سمجھوتہ ہے۔ نئی دلّی میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ثقافت اور سیاحت کے وزیر گجیندر سنگھ شیخاوت نے سمجھوتے پر دستخط کرنے کو تاریخی قرار دیا اور کہا کہ یہ بین ثقافتی نمو کو فروغ دیتے ہوئے دونوں ملکوں کے درمیان شراکت داری کو مستحکم کرے گا۔

S/B 2045 Final Gajendrangh Shekhawat On CPA

اسی دوران، بھارت میں امریکی سفیر Eric Garcetti نے کہا کہ یہ سمجھوتہ بھارت کو امریکہ کے باہمی ثقافتی املاک کے سمجھوتے کا 30واں شریک بننے کے ساتھ، بھارت کو اُس کا حق دینے کے تئیں ایک اہم قدم ہے۔x

## Moidam UNESCO

آسام کے MOIDAMS یعنی مقبروں کو ثقافتی زمرے میں یونیسکو کی عالمی آثارِ قدیمہ کے 43ویں مقام کا لقب حاصل ہوا ہے۔ آکاشوانی نیوز کے ساتھ ایک خصوصی انٹرویو میں ثقافت اور سیاحت کے مرکزی وزیر گجیندر سنگھ شیخاوت نے کہا کہ ان مقبروں کے تاریخی طور پر تسلیم کئے جانے سے اِس منفرد ثقافتی ورثے کے تئیں عالمی توجہ مبذول ہوگی۔ آج امریکہ کے ساتھ ثقافتی املاک کے سمجھوتے پر دستخط کئے جانے کے بارے میں بات کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ اِس سمجھوتے کے بعد امریکہ سے تاریخی اشیا کو بھارت واپس لانا آسان ہوگا۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے آسام کے Charaideo Moidam کو یونیسکو کی عالمی آثار قدیمہ کی فہرست میں شامل کرنے پر اظہارِ مسرت اور اظہارِ فخر کیا۔وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے بھی آج فخر کا اظہار کیا ہے کیونکہ آہوم ثقافت کی علامت Charaideo Moidam کو یونیسکو کے ذریعے عالمی ثقافتی ورثے کا مقام قرار دیا گیا ہے۔x

## India ADPC

بھارت نے تباہی کی تیاری سے متعلق ایشیائی مرکز ADPC کی صدارت سنبھال لی ہے۔ مرکزی وزارتِ داخلہ نے کہا ہے کہ ADPC ایک خود مختار بین الاقوامی تنظیم ہے، جو ایشیا اور بحرالکاہل خطے میں تباہی کے خطرات کو کم کرنے میں تعاون اور نفاذ کرتی ہے نیز آب وہوا کی لچک کو قائم رکھنے پر توجہ مرکوز کرتی ہے۔ آٹھ پڑوسی ممالک، بنگلہ دیش، کمبوڈیا، چین، نیپال، پاکستان، فلپائنز، سری لنکا اور تھائی لینڈ کے ساتھ بھارت ADPC کے بانی ارکان ہیں۔ تباہ کاری کے انتظامیہ سے متعلق قومی اتھارٹی کے ایک رکن راجندر سنگھ نے کل تھائی لینڈ کے بینکاک میں سال 2024-25 کیلئے چین سے ADPC کی صدارت سنبھال لی ہے۔x

## RS Judges

قانون اور انصاف کے وزیر ارجن رام میگھوال نے آج لوک سبھا میں بتایا کہ 2018 کے بعد سے مقرر کردہ 661 ہائیکورٹ کے ججوں میں سے، اِس مہینے کی 22 تاریخ تک، 21 کا تعلق درجِ فہرست ذاتوں کے زمرے، 12 کاتعلق درجِ فہرست قبائل کے زمرے، 78 کا تعلق دیگر پسماندہ طبقات OBC کے زمرے اور 499 کا تعلق عام زمرے سے ہے۔ ایک تحریری جواب میں انھوں نے بتایا کہ حکومت ہائیکورٹ کے چیف جسٹس سے، ججوں کی تقرری کیلئے تجاویز بھیجتے وقت یہ درخواست کرتی ہے کہ درجِ فہرست ذاتوں، درجِ فہرست قبائل، دیگر پسماندہ طبقات، اقلیتوں سے تعلق رکھنے والے نیز خواتین مناسب امیدواروں پر غور کیا جانا چاہیئے تاکہ ہائیکورٹوں کے ججوں کی تقرری میں سماجی تنوع کو یقینی بنایا جاسکے۔جناب میگھوال نے کہا کہ سپریم کورٹ اور ہائیکورٹوں کے ججوں کی تقرری، بھارت کے آئین کے مطابق کی جاتی ہے جو کسی ذات یا طبقے کے امیدواروں کیلئے ریزرویشن فراہم نہیں کرتا ہے۔x

## LS Drugs

حکومت نے مالی سال 2022-23 کے دوران، 424 ادویہ کو نقلی یا ملاوٹی قرار دیا ہے نیز 3 ہزار 53 ادویہ

کو کم معیاری پایا ہے۔ صحت اور خاندانی بہبود کی وزیر مملکت انوپریہ پٹیل نے آج لوک سبھا میں ایک تحریری جواب میں بتایا کہ ادویہ کے معیار کو کنٹرول کرنے کی مرکزی تنظیم نے ریاستی ادویہ کے کنٹرولرز کے ساتھ ملکر 400 سے زیادہ احاطوں کا خطرے پر مبنی معائنہ کیا۔ انھوں نے بتایا کہ کمپنیوں کی شناخت خطرے کے زمرے کی بنیاد پر کی گئی ہے۔ اس میں بہت سی ادویہ کو غیر معیاری قرار دیا گیا ہے، ان کے بارے میں شکایتوں پر توجہ دی گئی ہے اور مصنوعات کی حساسیت کا خیال رکھا گیا ہے۔x

## J&K Land Policy

جموں وکشمیر میں لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا کی سربراہی میں انتظامی کونسل نے آج جموں وکشمیر صنعتی آراضی کے الاٹمنٹ کی پالیسی 30-2021 کی ترامیم کو منظوری دے دی۔ آکاشوانی جموں کے نمائندے نے خبر دی ہے کہ ماحصل پر مبنی، موجودہ پالیسی کی مختلف شقوں کی وضاحت کرنے کیلئے ترامیم کی گئی ہیں، جس کا مقصد زمین کے الاٹمنٹ کے عمل کو سہل بنانا اور کارکردگی میں اضافہ کرنا ہے۔ مرکز کے زیر انتظام علاقے کی معیشت کیلئے جامع اہمیت رکھنے والی بڑی سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی کرنے کی غرض سے، حکومت کم سے کم چار ہزار کروڑ روپئے کی بڑی سرمایہ کاری کے بڑے پروجیکٹوں کو ترجیحی بنیاد پر زمین الاٹ کرسکتی ہیں۔

## Women's Asia Cup

سری لنکا کے دامبولہ میں جاری خواتین کے ایشیا کپ میں پہلے سیمی فائنل میں بھارت، بنگلہ دیش کو 10 وکٹ سے شکست دے کر فائنل میں پہنچ گیا ہے۔ دفاعی چیمپئن بھارت نے اپنی برتری برقرار رکھی اور 81 رن کا جیت کا نشانہ حاصل کرنے کیلئے کھیلتے ہوئے میچ جیت لیا، جبکہ 54 گیندیں ابھی باقی تھیں۔

اس سے قبل بنگلہ دیش نے ٹاس جیتا اور پہلے بلے بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ بھارتی گیند بازوں Renuka سنگھ اور Radha Yadav نے وقفے وقفے سے وکٹ لیتے ہوئے بلے بازوں کو میدان میں ٹکنے نہیں دیا اور بنگلہ دیش کی ٹیم مقررہ 20 اوورز میں 8 وکٹ کے نقصان پر 80 رن ہی بناسکی۔

جواب میں بھارتی اوپنرز Smriti Mandhana اور Shafali Verma نے بڑی جانفشانی سے آسانی کے ساتھ 11 اوورز میں بغیر کسی وکٹ کے نقصان پر 83 رن بنا لیے۔

مندھانا نے 39 گیندوں میں 55 رن بنائے، جبکہ شیفالی ورما نے 28 گیندوں میں 26 رن بنائے۔

سری لنکا کے Rangiri دامبولہ بین الاقوامی اسٹیڈیم میں پاکستان اور سری لنکا کے درمیان خواتین ایشیا کپ کا دوسرا سیمی فائنل کھیلا جا رہا ہے۔ پاکستان نے مقررہ 20 اوورز میں 4 وکٹ پر 140 رن بنائے۔

جواب میں سری لنکا نے اب سے کچھ دیر پہلے تک 10 اوورس میں 2 وکٹ پر 69 رن بنا لئے تھے۔ x

## Paris Olympics

پیرس اولمپک 2024 کا آج باضابطہ آغاز ہو رہا ہے۔ افتتاحی تقریب بھارتی وقت کے مطابق رات 11 بجے

پیرس میں دریائے Seine کے پاس ہوگی۔

2100- Opening Olympic Theme Song

اِس سال اولمپکس کی صد سالہ تقریب منائی جا رہی ہے۔ اِس سے قبل کل بھارت نے پیرس اولمپکس میں اپنی مہم کا مثبت طور پر آغاز کیا۔ تیر اندازی میں درجہ بندی کے مرحلے میں مردوں کی بھارتی ٹیم نے تیسرا مقام، جبکہ خواتین نے چوتھا مقام حاصل کیا اور دونوں ہی ٹیموں نے کوارٹر فائنل میں جگہ بنالی۔

بھارت کل، پیرس اولمپکس میں تمغوں کیلئے اپنی مہم کا آغاز کرے گا۔ بھارت کے مردوں کی 10 میٹر ایئر رائفل اور 10 میٹر ایئر پسٹل کی مکسڈ ٹیم اور شوٹنگ میں خواتین کی ٹیم کے مقابلے ہوں گے۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆